جلد (۱۸) نمبر (۴۹)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۶؍ رجب المرجب سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۹؍ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ عیسوی

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹیکہ پانی ولایتی	۱
۲	پیون کاغذی	۱ و ۲
۳	رخصت مرزا قاسم علی صاحب قسم اوّل۔	۲
۴	تقرر سید اولاد علی ڈرائنگ ماسٹر	؍
۵		؍
۶	رخصت پیشکار جیل۔	؍
۷	تقرر احمد جان خان عہدہ سپرنٹنڈنٹ صفائی۔	؍
۸	اضافہ سید عبدالرحیم بی اے۔	۳
۹	رخصت مرزا قاسم علی صاحب۔	؍
۱۰	نائب تحصیلدار شاہ آباد۔	۴
۱۱	تبادل سید محبوب علی و فضل الدین خان وغیرہ۔	؍
۱۲	تبادل یوسف حسین۔	[illegible]
۱۳	اضافہ منشی حافظ حسین خان وغیرہ۔	؍
۱۴	برطرفی عبدالحبیب خان مدرس۔	[illegible]
۱۵	تقرر محمد اکرام اللہ عہدہ قول۔	؍
۱۶	تقرر سید مبارک حسین عہدہ ممتل۔	؍
۱۷	رخصت منصرم فتول۔	؍
۱۸	ولایات احمد علی بیگ۔	؍
۱۹	اضافہ سید احمد علی وغیرہ	؍
۲۰	اضافہ سیاہ پوش کشمیری۔	؍
۲۱	قواعد انسداد جنگلی جانوران و دیگر	[illegible]
۲۲	نقشہ نرخنامہ اجناس	[illegible]

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

منظوری ٹیکہ پانی ولایتی

۱۱؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مسل مع کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹیکہ پانی ولایتی مفصلہ ذیل۔ سوڈا چھ آنہ درجن۔ لمنیڈ نو آنہ درجن۔ جنجر بارہ آنہ درجن۔ بنا بر مصارف باورچیخانہ جات عام بنام غلام جیلانی من ابتدا ۱۰؍ مئی سنہ ۱۹۲۹ء لغایت ۱۲؍ اپریل سنہ ۱۹۳۰ء بشرائط سابقہ۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ ٹیکہ پانی ولایتی مصارف باورچیخانہ جات عام مفصلہ ذیل سوڈا ۶ آنہ درجن۔ لمنیڈ ۹ آنہ درجن۔ جنجر ۱۲ آنہ درجن برائے یکسالی بنام غلام جیلانی منظور ہو۔ مسل بغرض اجرا احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس رسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم۔ حسب صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۳؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹیکہ پانی ولایتی

۱۳؍ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

مسل مع کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری ٹیکہ

پانی ولایتی مفصلہ ذیل - سوڈا تین درجن لمینیڈ تین درجن جنجر تین درجن - بابت مصارف باورچیخانہ
خاصہ من ابتداء ۱۰ مئی ۱۹۲۹ء لغایت ۱۶ مئی ۱۹۲۹ء بنام
غلام جیلانی بشرائط سابقہ۔

حکم

ٹھیکہ پانی ولایتی مصارف خاصہ حسب صراحت رپورٹ بہ نرخ مفصلہ ذیل - سوڈا فی درجن ۱ر لمینیڈ فی درجن ۱ر جنجر فی درجن ۱۱ر بنام غلام جیلانی برائے یکسال من ابتداء ۱۰ مئی ۱۹۲۹ء منظور رہی۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقل صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۹ نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ لیمون

۲۱ نومبر ۱۹۲۹ء

معہ دورہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
دربارہ منظوری ٹھیکہ لیمون کاغذی بشرح فیصدی مبلغ تین روپیہ
بارہ آنہ بابت مصارف باورچیخانہ جات مہمانان بنام رضا خان
من ابتداء اکتوبر ۱۹۲۹ء لغایت ستمبر ۱۹۳۰ء بشرائط سابقہ۔

حکم

ٹھیکہ لیمون کاغذی مصارف باورچیخانہ جات مہمانداری برائے یکسال من ابتداء اکتوبر ۱۹۲۹ء بنام رضا خان بشرح فیصدی سوال شدہ مبلغ تین روپیہ بارہ آنہ منظور ہے۔
مسل بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقل صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۲ نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ درخواست مولوی محمد قاسم علی صاحب افسر آذوقہ باستدعائے رخصت
یکہفتہ بوجہ علالت پیچش معہ رقعہ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر۔

حکم

بموجب رپورٹ ایک ہفتہ کی رخصت منظور رہی لیکن شہر سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہے۔
اندراج رخصت کا کیا جائے۔ کاغذات واپس ہوں۔ حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تقرر

۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ عرضداشت اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ تقرر سید
اولاد نبی در ہائی اسکول بعہدہ ڈرائنگ ماسٹر بطور عارضی امتحاناً برائے
چند ماہ بہ تنخواہ چالیس روپیہ ماہوار۔

حکم

حسب صراحت رپورٹ سید اولاد نبی کا تقرر ہائی اسکول میں بطور عارضی امتحاناً چھ ماہ کے لئے بمشاہرہ چالیس روپیہ ماہانہ منظور رہی۔ سید اولاد نبی سید حسن جعفر ڈرائنگ ماسٹر کی اسامی پر تا برخاستگی سید حسن جعفر عوض مقرر ہونگے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۶ نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت
یکماہہ محمد نبی خان چابکسوار اصطبل بوجہ علالت بخار و پیچش معہ رقعہ ڈاکٹر
بکارکردگی پیر شاہ محمد، محمد بخش تحویلدار۔

حکم

بموجب رپورٹ محمد نبی خان چابکسوار اصطبل کی رخصت یکماہہ منظور رہی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تقرر

۲۵ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ تقرر احمد علی خان بر جگہ
کپتان احمد شاہ خان بعہدہ سپرنٹنڈنٹ صفائی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار
جو مشاہرہ الیہ پولیس میں پاتا تھا۔

حکم

احمد علی خان کا تقرر میونسپلٹی میں بعہدہ سپرنٹنڈنٹ صفائی بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار منظور رہی۔
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۶ نومبر ۱۹۲۹ء

بوجب صراحت رپورٹ سید عبدالرحیم بی۔اے ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول کی موجودہ تنخواہ میں ۱۰ نومبر ۱۹۲۹ء سے بوجب گریڈ پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہو۔ کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض عرض میر سامانہ

جناب عالی

سید عبدالرحیم بی۔اے ہیڈ ماسٹر ہائی اسکول اضافہ پانچ روپیہ ماہوار گریڈ کے ۱۰ نومبر ۱۹۲۹ء سے مستحق ہیں۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت اقبال جاوید باد

زیر عرضداشت دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں ۔ ۲۰ نومبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت چہارم مولوی محمد قاسم علی صاحب افسر آڈٹ من ابتداء ۲۵ لغایت ۳۰ نومبر ۱۹۲۹ء بوجہ علالت ۔

حکم

بوجب رپورٹ مولوی قاسم علی افسر آڈٹ کی رخصت شش یوم من ابتداء ۲۵ لغایت ۳۰ نومبر ۱۹۲۹ء منظور ہو۔ کاغذات واپس ہوں ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۴ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب شاہ آباد دربارہ منظوری رخصت دس یوم منشی حمایت اللہ خان نائب تحصیلدار مورخہ ۱۹ نومبر سنہ حال بغرض تحصیل وصول و دیگر مواضعات خود ۔

حکم

حسب گزارش تحصیلدار صاحب شاہ آباد رخصت دس یوم نائب تحصیلدار منشی حمایت اللہ خان منظور ہو۔ کام کا انتظام تحصیلدار صاحب کریں۔ کاغذ واپس ہو۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

ناظر سکریٹریٹ کی جگہ کے انتظام کے سلسلہ میں حافظ یعقوب خان اہلمد اجلاس کو عدالت دیوانی میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ اور سید محبوب علی کو اجلاس ہذا میں بجائے حافظ یعقوب علی خان عارضی طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ اجلاس ہذا میں زود نویس خوشخط اور تجربہ کار اہلکار سے کام چل سکتا ہے۔ لہذا سید محبوب علی تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا تبادلہ محافظخانہ فوجداری بجگہ نہال الدین خان کی جگہ اور نہال الدین خان کا تبادلہ باضافہ دو روپیہ ماہوار اجلاس ہذا میں کیا جاتا ہے۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۲۵ نومبر ۱۹۲۹ء

ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس کی رپورٹ کے موافق حسب ذیل مدرسین کے تبادلہ کا انتظام منظور کیا گیا ۔

۱۔ نذیر احمد مدرس اول مدرسہ بلاسپور مشاہرہ دس روپیہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ کمانہ تحصیل ملک کو اور عبدالاحد خان مدرس مدرسہ کمانہ تحصیل ملک کا تبادلہ مدرسہ اجیت پور تحصیل حضور کو اور ایوب بیگ مدرس مدرسہ اجیت پور کا تبادلہ مدرسہ کیری تحصیل بلاسپور کی مدرسی اول پر اور احسان خان نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بقال پرگنہ تحصیل سوار کا تبادلہ مدرسہ بلاسپور کی مدرسی اول پر ۔ لہذا

حکم ہے کہ

برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ نومبر ۱۹۲۹ء

لطافت حسین خان اہلمد اجلاس محنت سے کام کرتا ہے۔ اور کام زائد ہے۔ لہذا ماہواری کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۹ نومبر ۱۹۲۹ء

عبدالحبیب خان مدرس مڈل اسکول ۳۰ نومبر ۱۹۲۹ء سے برخاست کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ نومبر ۱۹۲۹ء

مدرسہ مڈل میں محمد یوسف کی جگہ خالی ہے۔ اس جگہ پر محمد اکرام اللہ ساکن چھیپا خانہ ضلع رامپور مڈل پاس کا تقرر پندرہ روپیہ تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ منظور کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۳ نومبر ۱۹۲۹ء

مدرسہ مڈل میں عبدالحبیب خان مدرس کی جگہ خالی ہوئی ہے۔ وہ انٹرنس فیل تھا۔ بجائے اُسکے سید مبارک حسین انٹرنس پاس کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ پندرہ روپیہ تنخواہ پر منظور کیا گیا۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

حکم ہٰذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ یادداشت صاحب جج بہادر دربارہ منظوری رخصت دس یوم منشی علی اکبر منصرم نقول من ابتدا ۲۲ نومبر سال بوجہ علالت۔ ایام رخصت میں منشی تصدق حسین نقل نویس کام کرینگے۔

حکم

حسب سفارش صاحب ڈسٹرکٹ جج رخصت دس یوم علی اکبر معاون منصرم نقول کی بہ تصدیق سارٹیفکٹ ڈاکٹری منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

واقع ۵ نومبر ۱۹۲۹ء

طلبی اصلہ موجودہ محافظ خانہ صدر کا طریقہ عدالتہائے متعلقہ سے یکسان استعمال نہیں کیا جاتا ہے لہٰذا حسب ذیل جو سکریٹری صاحبان بہادر حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں تاکہ جملہ عدالتہائے جوڈیشل و مال و تعمیرات و نہار و فائننشل ڈیپارٹمنٹ پابند ہو جائیں۔

(۱) جب کسی فریق کی خواہش پر کوئی مسل یا رجسٹر محافظ خانہ صدر یا محافظ خانہ تحصیلات یا کسی اجلاس صیغہ مال سے طلب کیجائے تو ٹکٹ طلبی جو عاید ہو گا وہ اور جب ہو گا وہ نال کشور چسپان ہو کر اور نقشہ کی خانہ پری ہو کر بعد تراش وہ ٹکٹ کے تحریر ضابطہ کے ساتھ اپنے افسر متعلق کے پاس آنا چاہئے۔ یہ ٹکٹ اُس اجلاس کی آمدنی میں درج نہ ہونگے جہاں داخل ہوے ہوں بلکہ جہاں سے مسل برآمد ہوگی وہاں آمدنی میں درج کئے جائینگے۔ اگر محافظ خانہ تحصیلات میں کوئی رجسٹر آمدنی کا نہ ہو تو اب کھول لیا جائے۔

(۲) اگر بکار سرکار یا بتجویز مقدمات کے لئے خود عدالت کو کسی مسل یا رجسٹر وغیرہ کا دیکھنا قرین انصاف معلوم ہو تو تحریر ضابطہ شقہ طلبی میں ظاہر کرنا چاہئے کہ فریقین کی خواہش پر طلبی نہیں کیجاتی اس لئے ٹکٹ طلبی داخل نہیں کرائے گئے ہیں خود عدالت کو ملاحظہ کرنا مقصود ہے۔

(۳) جو ایسی مطلوبہ مسل محافظ خانہ صدر یا محافظ خانہ تحصیلات یا کسی اجلاس صیغہ مال سے اجلاس متعلق میں پہنچے اسکی واپسی حتی الامکان ایک ماہ کے اندر ہو جانا چاہئے۔ بحالت ضرورت تحریر نالی آنے پر توسیع مدت بھی کیجا سکیگی۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ ذریعہ نقول حکم ہذا جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ بھی بھیجی جائے۔

دستخط صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ ناظر اجلاس دربارہ پیشی درخواست سید احمد علی اہلمد فائننشل آفس دربارہ اضافہ بوجہ محنت و لیاقت۔

حکم

سید احمد علی اہلمد دفتر کی درخواست اضافہ پیش ہوئی چونکہ سائل کی تنخواہ قلیل ہے۔ لہٰذا موجودہ تنخواہ میں یکم دسمبر ۱۹۲۹ء سے سات روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۸ نومبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ بخشی صاحب فوج دربارہ اضافہ یوسف علیخان سپاہ نویس بخشیگری مشاہرہ دار۔

حکم

حسب سفارش بخشی فوج یوسف علیخان سپاہ نویس بخشیگری کی موجودہ تنخواہ میں یکم دسمبر ۱۹۲۹ء سے تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

روبکار محکمۂ عالیہ دارالانشاء اجلاس عالی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم اگست سنہ ۱۹۲۹ء

چونکہ قرین مصلحت ہے کہ بعض قواعد انٹرنیشنل کنونشن سنہ ۱۹۲۲ء کو نسبت انسداد بردہ فروشی زن عورتوں اور بچوں کے ریاست ہذا میں نافذ کیا جاوے۔ لہذا احکام ذیل نافذ کیے جاتے ہیں

دفعہ (۱) روبکار ہذا کا نفاذ ریاست ہذا میں یکم دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء سے ہوگا۔

دفعہ (۲) مجموعۂ تعزیرات ہند ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ء میں (جو ریاست ہذا میں بحکم ریاست نافذ ہے) حسب ذیل ترمیم کیجائے۔

(الف) دفعہ ۳۷۲ اور دفعہ ۳۷۳ مجموعۂ تعزیرات ہند میں بجائے لفظ "سولہ" کے لفظ "اٹھارہ" قائم کئے جائیں۔

(ب) مجموعۂ مذکور کی دفعہ ۳۶۶ میں حسب ذیل عبارت اضافہ کیجائے۔

"اور اگر کوئی شخص بذریعہ تخویف مجرمانہ (جسکی تعریف اس مجموعہ میں کیگئی ہے) یا اجرائے اختیار ناجائز یا کسی اور طریقہ جبر سے کسی عورت کو کسی جگہ سے چلے جانے کے لئے پھسلائے گا۔ اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ وہ کسی اور مرد سے جماع ناجائز کے واسطے مجبور کیجائے گی۔ یا پھسلائی جائیگی تو وہ بھی سزائے مذکورۂ بالا کا مستوجب ہوگا۔"

(ج) مجموعۂ مذکور کی دفعہ ۳۶۶ کے بعد حسب ذیل دفعات اضافہ کیجائیں۔

نابالغ لڑکی کی دلالی — دفعہ ۳۶۶ الف۔ اگر کوئی شخص خواہ کسی طریقہ سے کسی نابالغ لڑکی کو جسکی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو کسی جگہ سے چلے جانے کے لئے یا کوئی اور کام کرنے کے لئے پھسلائیگا۔ اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے کہ لڑکی مذکور کسی اور مرد سے جماع ناجائز کے واسطے مجبور کی جائیگی۔ یا پھسلائی جائیگی تو وہ سزائے قید کا مستوجب ہوگا جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے۔ اور جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

دفعہ ۳۶۶ ب۔ اگر کوئی شخص حدود ریاست میں برٹش انڈیا سے یا کسی ریاست واقع انڈیا سے کسی لڑکی کو جس کی عمر اکیس سال سے کم ہو اس نیت سے یا اس امر کے احتمال کے علم سے منگائیگا کہ لڑکی مذکور کسی اور مرد سے جماع ناجائز کیواسطے مجبور کیجائے گی یا پھسلائی جاوے گی۔

بشرطیکہ لڑکی مذکور ایسی نیت یا علم سے ہندوستان میں منگائی گئی ہو۔ خواہ ہندوستان میں منگانے والا شخص مذکور رہو یا اور کوئی شخص تو وہ شخص سزائے قید کا مستوجب ہوگا۔ جسکی میعاد دس برس تک ہوسکتی ہے اور وہ جرمانہ کا بھی مستوجب ہوگا۔

(د) مجموعۂ ضابطہ فوجداری سنہ ۱۸۹۸ء کے (جو ریاست ہذا میں بحکم ریاست نافذ ہے)

ضمیمہ دوم میں بعد مضمون دفعہ ۳۶۶ متعلقہ مجموعۂ تعزیرات ہند حسب ذیل مضمون درج کیا جائے۔

الف ۳۶۶	نابالغ لڑکی کی دلالی	بلا وارنٹ گرفتار کر سکتی ہے	وارنٹ	ناقابل ضمانت	ناقابل راضی نامہ	قید دس برس اور جرمانہ	عدالت سیشن
ب ۳۶۶	غیر ملک سے لڑکی کا منگانا	،،	،،	،،	،،	،،	،،

دفعہ (۳) حسب آرٹیکل (۱) انٹرنیشنل اگریمنٹ سنہ ۱۹۰۴ء برائے اغراض آرٹیکل (۷) انٹرنیشنل کنونشن سنہ ۱۹۱۰ء صاحب چیف سکریٹری بہادر کو "اتھارٹی" محولہ آرٹیکل (۱) انٹرنیشنل اگریمنٹ سنہ ۱۹۰۴ء مقرر کیا جاتا ہے۔ ہر سزایابی جرم دفعات ۳۶۶ و ۳۷۲ و ۳۷۳ و ۳۶۶ الف و ۳۶۶ ب مجموعۂ تعزیرات ہند کی اطلاع بذریعہ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر صاحب چیف سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائیگی اور صاحب چیف سکریٹری بہادر وہ اطلاع برٹش انڈیا کے اس "اتھارٹی" کے پاس بھیجیں گے۔ جو حسب آرٹیکل (۱) سنہ ۱۹۰۴ء محولہ بالا مقرر کی گئی ہو۔

حکم ہوا کہ

بنابر اجرائے احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس عالی یہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ جملہ عدالتہائے فوجداری شہر تحصیلات کو ایک ایک نقل بھیجی جاوے۔ اور چار ہفتہ تک گزٹ میں ایک نقل شائع کیجاوے۔

۵ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ار ۹ ار ۱۰ ار		۱۰ ار				دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۵ ار ۱۵ ار		۱۵ ار				
نخود کستہ آمیز	۱۵ ار ۱۰۵ ار		۱۰۵ ار				
کستہ	۱۰۶ ار ۷ ار		۱۶ ار				
ماش	۱۰۵ ار		۱۵ ار				
مونگ	۱۰۳ ار ۱۰ ار		۰				
مکا	۱۹ ار ۱۹ ار ۱۰۹ ار		۱۰۹ ار				
جئی	۱۹ ار ۱۰۹ ار		۸ ار				
کوجی	۰		۰				
مسور	۱۶ ار		۱۰۶ ار				
ارہر	۱۰۵ ار ۷ ار		۱۰۶ ار				
برنج	۱۰۵ ار		۱۵ ار ۷ ار				
روغن زرد	۱۰ چھٹانک		۰۹ چھٹانک				
روغن سیاہ	۱۰۱ ار		۱۱ ار				
روغن کنجد	۱۱ ار		۱۰۱ ار				
نمک سانبھر	۱۰۱ ار		۱۱۲ ار				
نمک لاہوری	۱۶ ار		۱۶ ار				
قند سیاہ	۱۰۳ ار ۱۵ ار		۱۹ ار				
باجرہ	۱۱ ار		۱۰۸ ار				

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ہفتہ اول ماہ دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ ار ۱۰۶ ار ۱۰۶ ار ۱۰ ار				۱۰۶ ار		دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۵ ار ۱۰۵ ار				۱۵ ار		
نخود کستہ آمیز	۱۰۶ ار ۱۰ ار				۰		
کستہ	۱۱ ار				۰		
ماش	۱۵ ار ۱۵ ار ۱۰۵ ار				۱۵ ار		
مونگ	۱۳ ار ۱۰۳ ار				۰		
مکا	۱۰۹ ار ۱۰ ار				۱۱ ار		
جئی	۱۱۰ ار				۱۱ ار		
کوجی	۱۰۸ ار				۷ ار		
مسور	۱۶ ار				۰		
ارہر	۱۰۵ ار ۷ ار				۰		
برنج	۱۵ ار ۱۵ ار				۱۰۵ ار		
روغن زرد	۱۰ ار				۱۰ ار		
روغن سیاہ	۰				۱۰۱ ار		
روغن کنجد	۱۱ ار				۱۱ ار		
نمک سانبھر	۱۰۱ ار				۱۱ ار		
نمک لاہوری	۱۶ ار				۰		
قند سیاہ	۱۰۵ ار ۷ ار				۱۶ ار		
باجرہ	۱۰۹ ار				۰		

مطبع سکرٹری پولیس ریاست رامپور